**Series SRQPE/C**

**SET ~ 2**

کوڈ **Q.P.**
**Q.P. Code** **48/6/2**

رول نمبر
Roll No.

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |

امیدوار سوال نامہ کوڈ کو جواب کاپی کے سرورق پر لازمی طور پر لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

BE FAIR BE FAIR BE FAIR

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **6 + 1** نقشہ ہے۔
- سوال نامہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوال نامہ میں چھپے سوالات کی تعداد **13** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **6+1 Map.** printed pages.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **13** questions.
- **Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# سوشل سائنس

# SOCIAL SCIENCE

## (Urdu Version)

وقت: 2 گھنٹہ
کل نمبر: 40

*Time allowed : 2 hours*
*Maximum Marks : 40*

**عام ہدایات :**

درج ذیل ہدایات کو بغور پڑھیے اور اُن پر سختی سے عمل کیجیے :

(i) یہ سوال نامہ کو پانچ حصّوں A, B, C, D اور E میں منقسم کیا گیا ہے۔اس سوال نامہ میں سوالات کی تعداد 13 ہے۔ **سبھی** سوال لازمی ہیں۔

(ii) **حصّہ۔**A میں سوال نمبر 1 سے 5 تک بہت چھوٹے جوابوں والے سوال ہیں، ہر ایک سوال 2 نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب 40 لفظوں سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(iii) **حصّہ۔** B میں سوال نمبر 6 سے 8 تک چھوٹے جوابوں والے سوال ہیں، ہر ایک سوال 3 نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب 80 لفظوں سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(iv) **حصّہ۔**C میں سوال نمبر 9 اور 10 طویل جوابوں والے سوال ہیں، ہر ایک سوال 5 نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب 120 لفظوں سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(v) **حصّہ۔**D میں سوال نمبر 11 اور 12 کیس اسٹڈی پر مبنی سوال ہیں، ہر ایک سوال 4 نمبر کا ہے۔

(vi) **حصّہ۔**E میں سوال نمبر 13 نقشہ پر منحصر ہے۔ یہ سوال 3 نمبر کا ہے جس کے دو حصّے ہیں۔ ***13(a)*** تاریخ سے (1 نمبر) اور ***13(b)*** جغرافیہ سے ( 2 نمبر)۔

(vii) سوال نامہ میں کوئی اختیار نہیں ہے۔ مگر کچھ سوالات میں اندرونی اختیار دیے ہیں۔ ایسے سوالوں میں سے **صرف ایک ہی اختیار کا جواب لکھیے۔**

(viii) **نقشہ** کو اپنی جواب کاپی کے ساتھ منسلک کیجیے۔

# حصّہ۔A

## (بہت چھوٹے جوابوں کے سوالات) *(5×2=10)*

**1.** مہاتما گاندھی نے 'سول نافرمانی تحریک' کو 1931 میں واپس لینے کا فیصلہ کیوں لیا ؟ *2*

**2.** ''جمہوریتیں سیاسی مساوات پر مبنی ہیں۔'' اس قول کی جانچ کیجیے۔ *2*

**.3** ہندوستانی اقتصادیات میں کپڑا صنعت کو ایک اہم مقام کیوں حاصل ہے؟ *2*

**.4** خریداریاں زر (Money) کے ذریعے کیوں کی جاتی ہیں؟ وضاحت کیجیے۔ *2*

**.5** ہندوستان میں سرحدی سڑکوں (Border roads) کی اہمیت بیان کیجیے۔ *2*

## حصّہ۔B

**(چھوٹے جوابوں کے سوالات)** *(3×3=9)*

**.6** غریب خاندان قرض لینے کے لیے ابھی بھی قرض کے غیر رسمی وسائل پر انحصار کیوں کرتے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔ *3*

**.7** ''جمہوری نظام حکومت ایک ذمہ دار نظامِ حکومت ہے۔'' اس قول کی جانچ کیجیے۔ *3*

**.8** (a) عدم تعاون کا خیال ایک تحریک کیسے بنا؟ وضاحت کیجیے۔ *3*

**یا**

(b) دیہی علاقوں میں عدم تعاون تحریک کیسے پھیلی؟ وضاحت کیجیے۔ *3*

## حصّہ۔C

**(لمبے جوابوں کے سوالات)** *(2×5=10)*

**.9** (a) ہندوستان میں سیاسی پارٹیوں کے سامنے آئے خاص چیلنجوں کا تجزیہ کیجیے۔ *5*

**یا**

(b) ہندوستان میں سیاسی پارٹیوں کے رول کا تجزیہ کیجیے۔ *5*

**.10** (a) " گلوبلائزیشن کے کچھ مثبت اور کچھ منفی اثرات ہیں۔" اس قول کی جانچ کیجیے۔ 5

## یا

(b) " منصفانہ گلوبلائزیشن سبھی کے لیے مواقع فراہم کرے گا۔" اس قول کی جانچ کیجیے۔ 5

## حصّہ ۔D

### (کیس پر مبنی سوالات) (2×4=8)

**.11** درج ذیل کیس کو بغور پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : 4

**NTPC کے ذریعہ دکھایا گیا راستہ**

ہندوستان میں توانائی فراہم کرنے والی بڑی پاور کارپوریشن ہے اس کے پاس

.EMS 14001 (Environment Management System)، ISO کی توثیق (certification) بھی

ہے۔ کارپوریشن کے پاس قدرتی ماحولیات اور ذخائر جیسے پانی، تیل۔ گیس اور ایندھن کی حفاظت کے لیے وہاں ایک پیش اقدامی کوشش بھی ہے، جہاں وہ اپنا پاور پلانٹ نصب کرتی ہے۔ یہ سب کرنے سے ممکن ہو سکا ہے۔

(a) تازہ ترین تکنیک کو اختیار کرنے کے آلات کا زیادہ سے زیادہ استعمال اور موجودہ آلات کو جدید ترین بناتے رہنا۔

(b) راکھ کے زیادہ سے زیادہ استعمال کے ذریعے فضلات کو کم سے کم پیدا کرنا۔

(c) ماحولیاتی توازن کو بنانے اور قائم رکھنے کے لیے ہری پٹی (سبزہ زار) مہیّا کرنا اور شجر کاری کے لیے مخصوص گاڑیوں کے سوال پر توجہ دینا۔

(11.1) ہندوستان میں توانائی فراہم کرنے والی بڑی پاور کارپوریشن کون سی ہے؟ 1

(11.2) اس ادارے کا نام لکھیے جو (Environment Management System) کے لیے ISO کی توثیق جاری کرتا ہے۔ 1

(11.3) قدرتی ماحولیات اور ذخائر کی حفاظت کے لیے NTPC کی حفاظت کرنے کی پالیسی کو بیان کیجیے۔ 2

**12.** درج ذیل کیس کو بغور پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : 4

## عہد یوم آزادی، 26 جنوری 1930

''ہم سمجھتے ہیں کہ دوسرے تمام لوگوں کی طرح، ہندوستانی عوام کو بھی آزادی کا حق ہے، اپنی محنت کے پھلوں سے لطف اندوز ہونے اور ضروریاتِ زندگی کی تکمیل کا حق ہے۔ تاکہ انھیں فروغ و ترقی کے تمام مواقع میسر ہوں۔ ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ کوئی حکومت اگر اپنے عوام کو ان حقوق سے محروم رکھتی ہے اور انھیں دباتی ہے تو ان عوام کو اس کا بھی حق ہے کہ وہ اسے بدل دیں یا پھر ختم کر دیں۔ برطانوی حکومت نے ہندوستانی عوام کو نہ صرف آزادی سے محروم کیا بلکہ اس نے عام آدمی کے استحصال پر اپنی بنیاد رکھی ہے۔ اور ہندوستان کو اقتصادی، سیاسی، ثقافتی اور روحانی طور پر تباہ کر دیا ہے۔ اسی لیے ہندوستان کو برطانیہ سے اپنے رشتے کو توڑ لینا چاہیے اور پورن سوراج یا مکمل آزادی حاصل کرنا چاہیے۔''

(12.1) ناقابل تلافی حق (inalienable right) کس کو کہا گیا ہے؟ 1

(12.2) ہندوستانی عوام نے 'پورن سوراج' یا مکمل آزادی حاصل کرنے کی مانگ کیوں کی؟ 1

(12.3) برطانیہ کی حکومت کے بارے میں ہندوستانی عوام کے خیالات کی جانچ اس اقتباس کے حوالے سے کیجیے۔ 2

## حصّہ-E

**(نقشے کا سوال)** (1+2=3)

**13.** (i) دیے گئے **ہندوستان** کے سیاسی خاکے (صفحہ 7) پر مارک کیے گئے کے 'A' مقام کو درج ذیل معلومات کی مدد سے پہچانیے اور اس کے نزدیک کھینچی گئی لائین پر اس کا صحیح نام لکھیے۔

**A.** وہ مقام جہاں انڈین نیشنل کانگریس کا اجلاس 1927 میں ہوا تھا۔ 1

(ii) دیے گئے **ہندوستان** کے اسی سیاسی خاکے پر درج ذیل کو تلاش کیجیے اور ان کے صحیح نام مناسب علامتوں سے لکھیے۔

(a) (I) نوئیڈا—سافٹ ویئر ٹکنالوجی پارک 1

**یا**

(II) پونہ—سافٹ ویئر ٹکنالوجی پارک 1

(b) پارادیپ —اہم بحری بندرگاہ 1

نوٹ : درج ذیل سوال صرف **نابینا طلباء اور طالبات** کے لیے سوال نمبر 13 کے بدلے۔ 3×1=3

(13.1) اس شہر کا نام لکھیے جہاں انڈین نیشنل کانگریس کا اجلاس 1927 میں ہوا تھا۔ 1

(13.2) (a) اس ریاست کا نام لکھیے جہاں نوئیڈا سافٹ ویئر ٹکنالوجی پارک واقع ہے۔ 1

**یا**

(b) اس ریاست کا نام لکھیے جہاں پونہ سافٹ ویئر ٹکنالوجی پارک واقع ہے۔ 1

(13.3) کس ریاست میں پارادیپ بحری بندرگاہ واقع ہے؟ 1

سوال نمبر 13 کے لیے۔

**For question no. 13**

